کینسر کے بارے میں فکر مند رہ کر زندگی نہ گزاریں ۔

اپنے جسم میں اگر آپ کو کچھ ٹھیک محسوس نہ ہو تو اپنی جی پی پریکٹس سے رابطہ کریں ۔ ہو سکتا ہے کہ کینسر کے امکان کو خارج کرنے کے لیے جی پی آپ کو ٹیسٹ کروانے کے لیے بھیجے۔ نتیجہ چاہے کچھ بھی ہو، این ایچ ایس آپ کے لیے حاضر ہے ۔

Clear on cancer
Help us help you

NHS

اپنے جسم میں اگر آپ کو کچھ ٹھیک محسوس نہ ہو یا اگر کسی چیز کے بارے میں آپ فکر مند ہیں تو اپنے جی پی سے بات کریں ۔ یہ کینسر کی نشانیوں اور علامات میں سے صرف چند ہیں ۔

- کوئی تکلیف جو تین ہفتے یا اس سے زیادہ عرصے سے چلی آرہی ہے اور جس کی کوئی وجہ بھی سمجھ میں نہ آ رہی ہو
- پیٹ میں تکلیف ، جیسے چُبھن یا پیچش جو تین ہفتے یا اس سے زیادہ عرصے تک برقرار رہے
- کھانسی جو تین ہفتے یا اس سے زیادہ عرصے تک چلتی رہے
- پیشاب میں خون آنا، چاہے ایک بار ہی کیوں نہ آئے
- تین ہفتے یا اس سے زیادہ عرصے تک پاخانے میں خون آنا
- پاخانہ غیر معمولی قسم کا ، پیلے رنگ کا یا زیادہ چکنا ہو
- وزن کم ہو رہا ہو اور اس کی کوئی ظاہری وجہ بھی نہ ہو
- سینے میں بار بارجلن یا بد ہضمی محسوس ہو نے لگے
- باربار تھکن یا بیماری محسوس ہونے لگے جس کی وجہ بھی سمجھ میں نہ آ رہی ہو
- غیر متوقع طور پر اور بغیر کسی وجہ کے خون رِسنے لگے
- جسم میں کوئی گِلٹی محسوس ہو اور جس کی وجہ واضح نہ ہو

کینسر کی مزید ممکنہ علامات کے بارے میں جاننے کے لیے یہاں دیکھیں : **nhs.uk/cancersymptoms**

ہو سکتا ہے کہ فکر والی کوئی بات نہ ہو لیکن کینسر کی بروقت تشخیص سے اس کا علاج زیادہ ممکن ہوتا ہے ۔

جب تک آپ ٹیسٹ نہیں کروائیں گے تب تک پتہ نہیں چلے گا ۔

اپنی جی پی پریکٹس سے رابطہ کریں ۔

Clear on cancer

Help us help you